لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
e.sheharnama.com
http://www
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 06 | جمعرات 23 جولائی 2026ء، 08 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 321
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

1900 ارب کا جگا ٹیکس

پٹرولیم لیوی بھتہ ہے، حکومت فوری ختم کرے، حافظ نعیم الرحمن



حکومت ہر لٹر پٹرول پر 125 روپے لیوی اور دیگر ٹیکسز وصول کر رہی، عوام کو اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا ہوگی، امیر جماعت اسلامی

حکومت لیوی کا خاتمہ، بجلی شعبے میں آئی پی پی معاہدوں پر نظرثانی اور مہنگائی کے ستائے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے، بیان

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی ایک بھتہ ٹیکس ہے، حکومت اسے فوری ختم کر کے عوام کو ریلیف فراہم کرے اور پٹرول کی قیمت میں کمی کرے۔ اپنے ایکس (سابق ٹوئٹر) پیغام میں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان کے عوام نے پٹرولیم لیوی کی مد میں 1900 ارب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ڈڈیال، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا پھر سڑکوں پر نکلنے کا فیصلہ

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے بانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

دفاع، سیکیورٹی شعبے میں ٹیکنالوجی کا استعمال قابل فخر، وزیراعظم

وزیراعظم کا اسپارک اینڈ ایلیویٹ پروگرام پاکستان وینچر فنڈ قائم کرنے کا اعلان

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملکی خودمختاری کے تحفظ اور دفاع کو مضبوط بنانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے روبوٹکس اور اٹانومس سسٹمز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، وزیراعظم انڈس راس روبوٹکس اینڈ اٹانومس سسٹمز ایکسپو کی افتتاحی تقریب خطاب کر رہے، اس موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی موجود ہیں

زنگ آلود تیر سے شیر کا شکار نہیں ہوسکتا، خواجہ سعد رفیق

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے رہنما خواجہ سعد رفیق نے ایک طنزیہ پوسٹ میں کہا ہے کہ زنگ آلود تیر سے شیر کا نہیں لومڑیوں کا شکار ہوتا ہے اور یہ آپ سے نہیں ہوگا۔ بلاول بھٹو کی آزاد کشمیر کے علاقے میرپور میں تقریر کے بعد سماجی رابطے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ — سیکریٹری جنرل جماعت اسلامی امیر العظیم خالق حقیقی سے جاملے

کینسر کا استقامت سے مقابلہ کیا، آخری لمحے تک تحریکی ذمہ داریاں نبھاتے رہے

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کا گہرے رنج و غم کا اظہار

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنرل، ممتاز دینی، سیاسی اور تحریکی رہنما امیر العظیم انتقال کر گئے۔ وہ کچھ عرصے سے کینسر کے مرض میں مبتلا تھے، تاہم انہوں نے غیر معمولی استقامت، صبر اور عزم کے ساتھ بیماری کا مقابلہ کیا اور آخری لمحات تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

مسلسل تیسرے روز پٹرول ڈیزل مہنگا

پٹرول 6.39 اور ڈیزل قیمت میں 7.83 کا بڑا اضافہ

عوام کیلئے مسلسل تیسرے روز بری خبر؛ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں پھر اضافہ، ہر طرف مہنگائی کے ستائے شہریوں کا احتجاج، عوام کی زندگی مزید دشوار

مہنگائی کی نئی لہر کا خدشہ ٹرانسپورٹ سے اشیائے ضروریہ تک سب مہنگا ہونے کا امکان عوام کی قوت خرید جواب دینے لگی، کاروباری اور مزدور طبقہ شدید متاثر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے عالمی مارکیٹ میں بڑھتی ہوئی قیمتوں کے پیش نظر مسلسل تیسرے روز پیٹرولیم مصنوعات کے نرخ میں بڑا اضافہ کردیا۔ کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن نے نئے نظام کے تحت 23 جولائی کیلیے قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ ایکسپریس نیوز نوٹیفکیشن کے مطابق اوگرا نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 6 روپے 39 پیسے بڑھا دیا جس کے بعد نئی قیمت 327 روپے 12 پیسے پر پہنچ گئی۔ اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 7 روپے 83 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد قیمت 375 روپے 4 پیسے فی لیٹر پر پہنچ گئی۔ جبکہ دوسری جانب پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے صدر ملک شہزاد اعوان نے وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس تبدیلی کو مسترد کردیا اور اعلان کیا ہے کسی بھی وقت ملک گیر ہڑتال کی کال دی جائے گی۔ پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے صدر ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ وفاقی حکومت کے روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تبدیلی کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں اور اس حوالے سے پاکستان بھر کی ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز سے مشاورت جاری ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ وفاقی حکومت کی غلط پالیسیوں کے خلاف بہت جلد ملک گیر ہڑتال کا اعلان کریں گے، پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز تیار رہیں، کسی بھی وقت ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

رائیونڈ کا شہری اب آزاد کشمیر کا وزیراعظم بننا چاہتا، بلاول بھٹو

یہ کہتے پنجاب میں دودھ کی نہریں بہہ رہی ہیں جبکہ اندرون صوبے کا بُرا حال ہے

میرپور (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ رائیونڈ کا ایک شہری اب آزاد کشمیر کا وزیراعظم بننا چاہتا ہے اور ان کی خواہش ہے کہ وزیراعظم پاکستان ہی آزاد کشمیر کا وزیراعظم منتخب کرے۔ آزاد کشمیر کے علاقے میرپور میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے ایک بار پھر حق حکمرانی، مالکیت اور حق روزگار کا انتخابی ایجنڈا دہراتے ہوئے کہا کہ اگر کشمیریوں نے انتخابات میں ووٹ دے کر اکثریت دلوائی تو یہ تینوں مسائل حل کر دیں گے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ کشمیر میں گزشتہ چھ ماہ سے ہماری حکومت ہے اور یہاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر)

عالمی کریڈٹ ایجنسی نے پاکستان کی ریٹنگ بڑھا دی

بہتری کیساتھ پاکستان تقریباً آٹھ برس بعد دوبارہ بی کیٹیگری میں شامل ہوگیا ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) عالمی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی اسٹینڈرڈ اینڈ پورز (S&P) گلوبل ریٹنگز نے پاکستان کی طویل المدتی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ B- سے بڑھا کر B کر دی ہے، جبکہ ملک کا آؤٹ لک "مستحکم" (Stable Outlook) برقرار رکھا گیا ہے۔ یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

بلوچستان میں آپریشن، 10 دہشتگرد ہلاک، 2 خواتین خودکش حملہ آور گرفتار

بھارتی سرپرستی میں فتنہ الہندوستان والخوارج دہشتگرد نیٹ ورک کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں

کسی کو بھی بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی، صدر

راولپنڈی، کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران 10 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا جبکہ 2 خواتین خودکش حملہ آور گرفتار کرلی گئیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گرد نیٹ ورک کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بلاتعطل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

تنویر الیاس کا والد سے جائیداد تنازع ہائیکورٹ پہنچ گیا

عدالت نے سردار الیاس کی درخواست پر فریقین کو نوٹسز جاری کر دیے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس اور والد کے درمیان جائیداد کے تنازع کے سول مقدمات ایک ہی عدالت میں سننے کی درخواست پر نوٹسز جاری کر دیے۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے تنویر الیاس کے والد محمد الیاس خان کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل نے موقف اختیار کیا کہ دو مقدمات ہیں اور دونوں مختلف عدالتوں میں زیر سماعت ہیں، استدعا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

فتنہ الخوارج کا سہولت کار خودساختہ مولوی ظفریاب گرفتار

خارجی سہولت کار کے چشم کشا انکشافات، دہشتگردی کا بڑا نیٹ ورک بے نقاب

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) خارجی سہولت کار کے بھتہ خوری اور من پسند فتووں سے متعلق انکشافات سے دہشت گردی کا بڑا نیٹ ورک بے نقاب ہوگیا۔ دہشت گردی کے لیے مذہب کی آڑ میں مقامی خارجی سہولت کار غیر قانونی مدارس کے ذریعے فتاویٰ کا سہارا لینے لگے، فتنہ الخوارج کی سہولت کاری میں ملوث گرفتار خودساختہ مولوی ظفریاب کا تعلق جامع نظام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

گلگت کے نئے وزیراعلیٰ امجد حسین کی 12 رکنی کابینہ تشکیل

گلگت (صباح نیوز) گلگت بلتستان کے نومنتخب وزیراعلیٰ امجد حسین نے اپنی کابینہ کے لیے 12 وزرا کا انتخاب کرلیا۔ اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

امریکا کے حملے جاری، تہران کا امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

جنگ میں 5.37 ارب ڈالر خرچ

امریکی طیاروں نے ایرانی فوجی آپریشنز مراکز، بحری صلاحیتوں، فوجی لاجسٹکس کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا، سینٹکام

مزید 87 ارب ڈالر درکار ہیں، پیٹ ہیگسیتھ، فنڈنگ نہ دی گئی تو یہ ملک کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہوگا، کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد، ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ ملاقات کر رہے ہیں

واشنگٹن، تہران (نیوز ایجنسیاں) امریکا کی جانب سے ایران پر حملوں کا سلسلہ مسلسل گیارہویں روز بھی جاری رہا ایران کے مختلف شہروں میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں جبکہ ایرانی فوج نے ایک امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ بیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تبریز، کرمانشاہ، بوشہر، خوزستان اور سیرک میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، امریکی طیاروں نے ایرانی فوجی آپریشنز کے مراکز، بحری صلاحیتوں، طیاروں کے ہینگرز، ڈرونز کی ذخیرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

5G صارفین کی تعداد بڑھ کر 2 لاکھ 98 ہزار تک پہنچ گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں فائیو جی صارفین کی تعداد 10 لاکھ 78 ہزار سے بڑھ گئی ہے۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری کردہ دستاویز کے مطابق صرف چار ماہ کے دوران 8 لاکھ 79 ہزار صارفین فائیو جی کے سبسکرائبرز بن گئے تھے، مارچ میں فائیو جی صارفین کی تعداد 71 ہزار تھی جبکہ اپریل میں بڑھ کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

جوہری تنصیبات پر حملہ جنگ پھیلا دے گا، ایران

حملہ کیا گیا تو امریکا، اتحادیوں کی تنصیبات کو نشانہ بنایا جائیگا، ترجمان ایرانی فوج

تہران (صباح نیوز) ایران کی فوج کے ترجمان نے خبردار کیا ہے کہ جوہری تنصیبات پر حملہ خطے میں جنگ کے پھیلاؤ کا باعث بنے گا، اگر امریکا نے ایران کی جوہری تنصیبات پر حملہ کیا تو خطے میں امریکا اور اس کے اتحادیوں کی تنصیبات کو نشانہ بنایا جائے گا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق خاتم الانبیا بریگیڈ نے کہا ہے کہ جوہری تنصیبات پر حملہ خطے میں جنگ کے پھیلاؤ کا باعث بنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خالد حسین مگسی ECO سائنس فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے رکن بلوچستان اسمبلی حاجی فضل ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے حاجی فضل، فواد چوہدری و دیگر کی ملاقاتیں

ملکی و علاقائی صورتحال، موجودہ سیاسی و معاشی حالات سمیت دیگر امور پر گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ): ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں بلوچستان سے رکن صوبائی اسمبلی حاجی فضل قادر مندوخیل، سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری اور ان کی اہلیہ، معروف قبائلی عمائدین، ممتاز تاجر رحمت السلام خٹک، وکلا، ڈاکٹرز، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 کا اجراء

وزارت انسانی حقوق نے یورپی یونین کے منصوبے کے اشتراک سے تیار کیا

انسانی حقوق کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم سنگ میل، بیرسٹر عقیل

اسلام آباد (اے پی پی): وزارت انسانی حقوق نے قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 (2026۔ایچ آر۔این اے پی) کا باضابطہ اجراء کر دیا جو انسانی حقوق کے فروغ و تحفظ کے لیے حکومت پاکستان کے عزم اور مربوط قومی حکمت عملی کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ ایکشن پلان وزارت انسانی حقوق نے یورپی یونین کے "حقوق پاکستان۔II" منصوبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نیشنل ایکشن پلان برائے انسانی حقوق کا افتتاح کر رہے ہیں

پاک سعودی تجارت کو نشانہ بنانا قومی سلامتی پر حملہ تصور ہوگا، پاکستان

حوثیوں کی دھمکیاں قابل مذمت

پاکستانی پرچم بردار جہازوں کیخلاف جارحانہ کارروائی کو قومی سلامتی کیلئے خطرہ تصور کیا جائیگا، برداشت نہیں کرینگے، دفتر خارجہ

پاکستان سفارتکاری، خطے میں کشیدگی کم کرنے کیلئے پرعزم ہے، تمام فریقین بین الاقوامی قوانین کا احترام کریں، ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں تجارتی جہاز رانی کے خلاف جاری دھمکیوں کی شدید مذمت کی اور سعودی عرب کے ساتھ تجارت کو نشانہ بنانا ناقابل قبول قرار دے دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں تجارتی جہاز رانی کے خلاف جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایرانی وزیر داخلہ کا NDMA ہیڈکوارٹر کا دورہ، تعاون بڑھانے پر اتفاق

جدید نظام، پیشگی انتباہی نظام اور قدرتی آفات سے نمٹنے بارے بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (صباح نیوز) ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) کا دورہ کیا، جہاں انہیں پاکستان کے جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ نظام، پیشگی انتباہی نظام اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایرانی وفد میں پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کابینہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی امریکی ہم منصب سے ملاقات

علاقائی صورتحال، معاشی تعاون کے فروغ، امریکہ سرمایہ کاری میں اضافہ پر تبادلہ خیال

واشنگٹن (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگ زیب نے امریکی ہم منصب سکاٹ بیسنٹ سے ملاقات کی ہے، ملاقات میں معاشی تعاون کے فروغ، امریکی سرمایہ کاری میں اضافے اور تذویراتی منصوبوں کی پیش رفت کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے امریکی ہم منصب سکاٹ بیسنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

عالمی منڈی میں تیل 92 ڈالر فی بیرل سے بھی تجاوز کر گیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان جاری فوجی کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، جہاں برینٹ خام تیل کی قیمت 92 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

واشنگٹن ڈی سی، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب امریکی سیکرٹری خزانہ سے مصافحہ کر رہے ہیں

کشمیری جعلی نمائندگی پہلے ہی مسترد کر چکے، شرجیل میمن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ فارم 47 کی پیداوار جماعت کشمیر میں سیاسی ہمدردیاں سمیٹنے نکلی ہے۔ سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے مریم نواز کے خطاب پر ردعمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ہرمز پر ایران کا کنٹرول عالمی تجارت کیلئے خطرناک، مارکو روبیو

سینٹکام کا ایران میں مسلسل گیارہویں رات بھی فوجی اہداف پر حملوں کا دعویٰ

منیلا (صباح نیوز) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران آبنائے ہرمز پر کنٹرول قائم کرنے یا وہاں سے گزرنے والے بحری جہازوں سے ٹول وصول کرنے میں کامیاب ہوگیا تو یہ صرف مشرق وسطیٰ ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے ایک انتہائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد، کنوینئر محمد معین عامر پیرزادہ پی اے سی کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

10 ارب ڈالر کی درخواست، معیشت پھر بیرونی سہاروں کی منتظر؟

قرض، امداد یا معاشی بیک اَپ؟ اصل مسئلہ خود انحصاری کا ہے

روپے کو سہارا یا معیشت کو نئی بیساکھی امریکہ سے مالی سہولت کی درخواست سوال اٹھ گئے

عربوں کے بعد مغرب کی طرف پیش قدمی کب تک بیرونی سہاروں پے رہیں گے

10 ارب ڈالر کی درخواست نے نئی بحث چھیڑ دی ضرورت یا مجبوری؟

قرضوں سے ترقی نہیں، خود انحصاری سے خوشحالی آئے گی حکومت یہ کب جان پائے گی

مالی سہولت کی تلاش یا معاشی کمزوری کا اعتراف مالی سہولت کی خبر اور حکومت کا اصل امتحان

ورلڈ بنک اسلامک بنک کے ساتھ اب براہ راست پاکستان کی جانب سے امریکہ سے 10 ارب ڈالر کی مالی سہولت کی درخواست ایک بار پھر اس سوال کو سامنے لے آئی ہے کہ کیا ہماری معیشت اب بھی بیرونی سہاروں کی محتاج ہے؟ اگرچہ یہ رقم روایتی امداد نہیں بلکہ زرمبادلہ کے ذخائر کو سہارا دینے کے لیے ایک مالیاتی انتظام قرار دی جا رہی ہے، تاہم اس سے یہ حقیقت تبدیل نہیں ہوتی کہ پاکستان کو اپنے معاشی استحکام کے لیے بیرونی تعاون کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ یہ سہارے کئی برسوں سے ہر برس لئے جا رہے ہیں امریکہ سے امداد کی درخواست ایک غیر ملکی خبر رساں ادارے نے کی جس پر تردید بھی کی جاتی رہی جبکہ گزشتہ رات پاکستانی میڈیا بھی اس کو رپورٹ کر رہا ہے گزشتہ چند برسوں میں پاکستان نے معاشی مشکلات، مہنگائی، قرضوں کے بوجھ اور زرمبادلہ کے دباؤ کا سامنا کیا ہے۔ ایسے حالات میں کسی بھی مالی سہولت سے وقتی ریلیف تو مل سکتا ہے، لیکن دیرپا استحکام صرف مضبوط معاشی پالیسیوں، برآمدات میں اضافے، ٹیکس نیٹ کی توسیع اور مقامی سرمایہ کاری کے فروغ سے ہی ممکن ہے۔ اس لئے امن اور تاجر برادری کا اعتماد بحال کرنا ضروری ہے حکومت کی کوشش ہونی چاہیے کہ بیرونی مالی معاونت کو مستقل حل کے بجائے ایک عبوری سہارا سمجھا جائے۔ ہماری حکومت کو پتہ ہونا چاہیئے تو میں قرضوں اور امداد سے نہیں بلکہ پیداوار، محنت اور معاشی خود انحصاری سے ترقی کرتی ہیں۔ اگر پاکستان اپنے وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لائے اور اصلاحات کا عمل جاری رکھے تو مستقبل میں ایسی درخواستوں کی ضرورت خود بخود کم ہوسکتی ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ مالی مدد سے زیادہ معاشی اعتماد حاصل کیا جائے، کیونکہ مضبوط معیشت ہی قومی خودمختاری اور پائیدار ترقی کی ضمانت ہوتی ہے۔

بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان نے امریکہ سے تقریباً 10 ارب ڈالر کی ایک خصوصی مالی سہولت کی درخواست کی ہے۔ یہ براہ راست گرانٹ یا روایتی امداد نہیں بلکہ زرمبادلہ کے ذخائر کو سہارا دینے اور پاکستانی روپے کو مستحکم رکھنے کے لیے ایک مالیاتی بیک اَپ انتظام کی تجویز ہے۔

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ واہ چھاؤنی

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتری ریکارڈ کے مطابق جائیداد نمبری A-78/A سروے نمبر A-94 شیڈول IX-A سی ایل اے رولز 1937 واقع پرائم منسٹر ہاؤسنگ سکیم واہ کینٹ کے حقوق پٹہ داری میسرز محمد عمر، محمد اسماعیل، مسماۃ اسماء نذیر، مسماۃ اقراء نذیر، مسماۃ معراج بیگم کے ناموں پر ہیں۔ محمد عمر، محمد اسماعیل، مسماۃ اسماء نذیر، مسماۃ اقراء نذیر، مسماۃ معراج بیگم نے سمندر خان ولد معز اللہ ساکن مکان نمبر A-163 پرائم منسٹر ہاؤسنگ سکیم واہ کینٹ کو بحوالہ دستاویز نمبر 176 مورخہ 03.12.2024 کے تحت مختار عام مقرر کیا ہے۔ سمندر خان ولد معز اللہ مختار عام نے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ واہ میں درخواست گزاری ہے۔ کہ درج بالا جائیداد کے حقوق پٹہ داری بذریعہ اورل گفٹ (شرع محمدی) کے تحت اِن کی بیٹی مسماۃ بلقیس بیگم زوجہ کمال سعید (دختر) سمندر خان کے نام منتقل کئے جائیں۔ اب جائیداد ہذا کے حقوق پٹہ داری بلقیس بیگم زوجہ کمال سعید کے نام منتقل کرنا مقصود ہیں۔

اگر اس ضمن میں کسی شخص/ ادارے کو کوئی عذر، اعتراض ہو تو نوٹس ھذا کی اشاعت کے (15) پندرہ یوم کے اندر اندر بمعہ اعتراضِ ثبوت بذریعہ رجسٹری طلب لفافہ یا اصالتاً دفتر کنٹونمنٹ بورڈ واہ چھاؤنی میں پیش کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور اس ضمن میں کوئی عذر/ اپیل قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر
ایگزیکٹو آفیسر کنٹونمنٹ بورڈ واہ چھاؤنی

1

کے خلاف عملی امتیاز کو ریاستی پالیسی بنا دیا گیا ہے۔ قابض طالبان رجیم نے افغانستان کو خواتین کیلئے دنیا کا سب سے زیادہ جابرانہ ملک بنا دیا ہے۔ طالبان رجیم نے افغان خواتین کے بنیادی انسانی حقوق اور آزادانہ زندگی کو ایک قید خانہ بنا دیا ہے۔ برطانوی جریدے دی نیو ہیومینٹیرین کے مطابق غیر قانونی افغان طالبان رجیم کی ریاستی سطح پر خواتین کو تعلیم اور روزگار سے محروم رکھا گیا ہے، جہاں 2021 سے خواتین کے کام اور لڑکیوں کی تعلیم پر پابندی عائد ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2023 کے بعد سرکاری ملازمتوں میں خواتین کا تناسب 21 فیصد سے کم ہو کر 17.7 فیصد رہ گیا ہے۔ طالبان رجیم نے خواتین کو تعلیم اور روزگار سے محروم کر کے ان کی معاشی خود مختاری کو ختم کر دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق خواتین کی ملازمتوں میں کمی کے باعث افغانستان کو سالانہ 8 کروڑ 40 لاکھ ڈالرز کا اقتصادی نقصان ہو رہا ہے۔ طالبان رجیم کی رجعت پسندانہ پالیسیوں کے باعث افغانستان عالمی تنہائی کا شکار ہے۔ ماہرین کے مطابق طالبان رجیم نے خواتین کو عوامی زندگی سے مٹانے کی منظم پالیسی اپنا رکھی ہے۔

2

زیر تعمیر سرنگ کا ایک حصہ بیٹھ جانے کے حادثے میں پھنسے 12 مزدوروں کو بچانے کیلئے امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ حکام کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب مزدور سرنگ کے اندر کام میں مصروف تھے۔ امدادی ٹیموں کے مطابق اب تک 12 میں سے بعض مزدوروں کو نکال لیا گیا ہے جبکہ باقی مزدوروں کی تلاش جاری ہے۔ حکام نے بتایا کہ ریسکیو آپریشن میں بھاری مشینری استعمال کی جا رہی ہے۔

3

پاکستان نے اپنے تمام شہریوں کیلئے ایم این ایچ سی (MNHC) کے تحت صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات تیز کر دیئے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان نے ہدایت کی ہے کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کی جائیں۔

4

اور ڈیزل سب سے زیادہ ٹرانسپورٹیشن کے لیے استعمال ہوتے ہیں، جن کی قیمتوں میں اضافے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ ان کے مطابق سالانہ 2200 ارب روپے سے زائد پیٹرولیم لیوی وصول کی جا رہی ہے۔ پاکستان کو آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کے تحت لیوی میں اضافہ کرنا پڑ رہا ہے۔ جماعت اسلامی نے مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 40 فیصد سے زائد پاکستانی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ اسلام آباد میں 23 جولائی سے 7 اگست تک ملک بھر میں احتجاجی تحریک چلائی جائے گی۔

5

کرے گی۔ مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ یہ واقعہ افسوسناک ہے اور ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

6

مسائل کیلئے بہتر خدمات کی فراہمی پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں 10 سال سے زائد عرصہ سے حل طلب مسائل پر بات چیت کی گئی۔ گلگت بلتستان کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔ سیکیورٹی اور ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ شرکاء نے پاکستان کے ساتھ اپنی وابستگی کا اعادہ کیا۔ بعد ازاں سٹیزن کونسل کے اجلاس میں بھی شرکت کی۔

7

ان کے مطابق ایف ڈبلیو او (FWO) نے جدید مشینری کے ساتھ تعمیراتی کام شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے علاقے میں ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔

8

ایف بی آر نے ٹیکس گوشواروں کیلئے مدت میں اضافہ کر دیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق 2025 کے لیے 64 لاکھ 81 ہزار سے زائد افراد نے رجسٹریشن کرائی ہے، جو 2022 کے مقابلے میں 8.3 فیصد زیادہ ہے۔ ٹیکس نیٹ میں اضافہ کرنے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔

9

سرکاری امداد سے محروم متاثرہ علاقوں میں بحالی کا کام جاری ہے۔ متاثرہ خاندانوں کو امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ حکومت نے متاثرین کی بحالی کیلئے خصوصی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔

10

کراچی میں بین الاقوامی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان امن چاہتا ہے اور خطے میں استحکام کیلئے کردار ادا کرتا رہے گا۔

11

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

12

قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ارکان نے اس موقع پر خطاب کیا۔ 1122 اور دیگر اداروں کی کارکردگی کو سراہا گیا۔

13

سینٹرل جیل میں قیدیوں کی تعداد کے حوالے سے رپورٹ جاری کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق 504 قیدی، 7234 خواتین، 14 ہزار 697 اور 11124 افراد مختلف جیلوں میں موجود ہیں۔ 14284 قیدیوں کو رہائی دی گئی۔

14

ڈی جی نے کہا کہ ملک بھر میں دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور امن و امان کو یقینی بنایا جائے گا۔

15

ایرانی سرحد کے قریب کارروائی کے دوران اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔

16

صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی حکومت کے احکامات کے مطابق شہر میں صفائی مہم جاری ہے۔ میونسپل کارپوریشن نے 100 میٹر سے زائد نالوں کی صفائی مکمل کر لی ہے۔

17

واٹر ٹینک، سڑک اور پارک کی بحالی کا کام جاری ہے۔ متعلقہ حکام کو ہدایات دی گئیں کہ شہریوں کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

18

صدر مملکت نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اور ایجوکیشن کے شعبوں میں اصلاحات پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔

19

دو ستانہ تعلقات کے فروغ کیلئے دونوں ممالک کے درمیان تعاون جاری رہے گا۔ انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

20

سرکاری اداروں میں شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ عوامی شکایات کے ازالے کیلئے خصوصی ڈیسک قائم کر دیا گیا ہے۔

21

کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری اور دیگر رہنماؤں نے ملاقات کی۔ اجلاس میں پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

22

کا میاب آپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر قرار دے دیا گیا۔

23

پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں قومی سلامتی کے امور پر بریفنگ دی گئی۔ ارکان نے حکومت کے اقدامات کو سراہا۔

24

کو تعلیمی اداروں میں داخلوں کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ طلبہ کو آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی سہولت دی گئی ہے۔

25

ہو سکا، چیف آفیسر بلدیہ اور دیگر افسران نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔

26

کامیابی کے بعد مقامی انتظامیہ نے علاقے میں سیکیورٹی سخت کر دی ہے۔

27

سائیکل، نقدی، گھریلو سامان اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔

28

کارروائی کے دوران متعدد افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔

29

اجلاس میں صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہتری کے لئے تجاویز پیش کی گئیں۔

30

سلسلہ جاری ہے۔ ٹرانسپورٹ کے شعبے میں 434 افراد، 215 گھرانوں، 54 ہوٹلوں اور 313 دکانوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔

31

شیر نے کہا کہ مسائل کے حل کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔

32

نے صوبے کا دورہ کیا۔ آج پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بارشوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

33

بین الاقوامی برادری نے پاکستان کے مؤقف کی تائید کی ہے۔ Citizenship Verification کے عمل کو 2026 تک مکمل کیا جائے گا۔

34

درجات بلند فرمائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تعزیتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

35

کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ 1958 میں پیدا ہونے والے مرحوم نے 2019 اور 2024 میں خدمات انجام دیں۔

36

جاری ہیں۔ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں کارروائی کرتے ہوئے 48 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔

37

کے تحت عدالت میں مقدمہ دائر کیا گیا۔

38

ان کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی اور دیگر جماعتوں کے رہنماؤں نے ملاقات کی۔

39

العلوم جنوں سمیت مختلف علاقوں میں پروگرام منعقد کیے گئے۔

40

بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق برینٹ کروڈ کی قیمت میں 1.1 فیصد اضافہ ہوا۔ 82 سینٹ فی بیرل اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

41

عالمی برادری کو پاکستان کی کوششوں کو تسلیم کرنا چاہیے۔

42

پاکستان نے پانی کے مسئلے پر بھارت کو واضح پیغام دیا۔ 2016 اور 2019 کے معاہدوں کا حوالہ دیا گیا۔

43

طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

44

وزیر مملکت برائے قانون و انصاف نے خطاب کیا۔ 2026 تک اصلاحات مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

45

ملاقات میں پاکستان کی معیشت سمیت دیگر امور پر گفتگو کی گئی۔

46

خطے میں امن و استحکام کیلئے مشترکہ کوششوں پر اتفاق کیا گیا۔

47

گاڑیوں اور فوجی لاجسٹکس کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا۔ 30 سے زائد تجارتی جہازوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی۔

48

2 لاکھ 98 ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی۔ 15 جولائی کو 16 ہزار سے زائد افراد نے 9 ہزار سے زیادہ افراد رجسٹر ہوئے۔ 6 جولائی تک 10 لاکھ 78 ہزار 534 افراد۔

49

امریکی صدر نے ایران کے حوالے سے بیان جاری کیا۔

50

سے متعلق ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون پر اتفاق کیا گیا۔

51

میں ایران کے سفیر نے ملاقات کی۔ 2026 تک منصوبوں کو مکمل کیا جائے گا۔

52

روپے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔ پیٹرول کی قیمت میں 125 روپے فی لیٹر تک اضافہ ہوا۔

53

کی ترقی کیلئے مختلف منصوبوں کا آغاز کیا گیا۔ 20 ملین ڈالر کی لاگت سے منصوبے مکمل ہوں گے۔ اسلام آباد میں 2026 میں بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہو گی۔

54

چیئرمین عمران خان کی رہائی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔

55

کی سائیکل پر ایک کارکن کو گرفتار کیا گیا۔

56

کیریئر کی کال دی جائے گی

57

کے مطابق حکومت نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے اقدامات کا اعلان کیا ہے۔

امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا پریس کانفرنس کر رہے ہیں

7 اگست کو اسلام آباد میں دھرنا دیں گے، نصر اللہ رندھاوا

غریب ترین طبقے سے بھاری پیٹرولیم لیوی وصول کرنا شرمناک ہے، امیر جماعت اسلامی اسلام آباد

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان مرکزی دھرنے سے آن لائن خطاب کریں گے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا ہے کہ حکومت نے ایک سال میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 16 سو ارب روپے سے زائد کمائے ہیں جبکہ عوام پر مہنگائی کا بوجھ مسلسل بڑھ رہا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر سال پیٹرولیم لیوی کی آمدن میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ایک لیٹر پیٹرول پر 76 روپے لیوی وصول کی جا رہی ہے۔ پیٹرول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

نوجوان نسل کو ہنرمند بنانا وقت کی اہم ضرورت، انجینئر قمر الاسلام

کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی میں نوجوانوں کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی): چیئرمین نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) اور رکنِ قومی اسمبلی انجینئر قمر الاسلام راجہ نے کہا ہے کہ کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی میں نوجوانوں کا کردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

طالبان رجیم، خواتین کیخلاف صنفی امتیاز کو ریاستی پالیسی بنا دیا

کابل (آئی این پی) طالبان رجیم کے تاریک دور میں افغان خواتین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

بھارت، سرنگ میں میتھین گیس دھماکہ 12 مزدور ہلاک، 13 لاپتہ

نئی دہلی (صباح نیوز) بھارت کی شمال مشرقی ریاست سکم میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وومن ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر اور رائزنگ پاکستان فورم کے شجرکاری مہم ایونٹ میں مہمان شخصیات کا گروپ فوٹو

ہنگامی بنیادوں پر شجرکاری مہم کا چراغ روشن کیا جائے: عدیل نذیر

مون سون کے سسٹم میں خطرناک حد تک تبدیلی آ چکی: ڈاکٹر غلام علی

آج کے نوجوان کل کا پاکستان، نونہال اطراف کو صاف رکھیں: رخشندہ تسنیم

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وومن ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں رائزنگ پاکستان فورم کی جانب سے شجرکاری مہم میں پاکستان کے معروف ماہر ارضیات و سائنس دان ڈاکٹر عدیل نظیر، پاکستان میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ کی ڈاکٹر ابیر، سابق چیئرمین پاکستان ایگریکلچرل کونسل ڈاکٹر غلام علی، چیئرمین مکمل پاکستان پارٹی متین ہاشمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں ریکارڈ بارش کے باوجود نکاسی آب کا نظام موثر رہا، مریم اورنگزیب

پنجاب کے 41 اضلاع میں مشینری موجود ہے اور تمام متعلقہ ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں، صوبائی سینئر وزیر

سیف سٹی کے ذریعے صورتحال کی نگرانی، وزیراعلیٰ خود انتظامات کی مانیٹرنگ کر رہی ہیں، نجی ٹی وی چینل سے گفتگو

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ریکارڈ بارش کے باوجود پورے پنجاب میں مشینری متحرک رہی اور نکاسی آب کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ اس وقت ریکارڈ بارش ہو رہی ہے اور ریکارڈ کام بھی کیا جا رہا ہے، انہوں نے بتایا کہ پنجاب کے 41 اضلاع میں مشینری موجود ہے اور تمام متعلقہ ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز گوجرانوالہ میں ریکارڈ بارش ہوئی، تاہم بروقت نکاسی آب کو یقینی بنایا گیا، سیف سٹی کے ذریعے صورتحال کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کا حریت کانفرنس دفتر کا دورہ

کنوینئر غلام محمد صفی ودیگر سے ملاقات، خطے میں امن و استحکام بارے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ گلگت بلتستان ایڈووکیٹ امجد حسین نے اسلام آباد میں کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں و کشمیر و پاکستان کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کنوینر غلام محمد صفی اور حریت قیادت سے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

وارث خان پولیس کی کارروائی جوئے میں ملوث چھ افراد گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش کے پتوں پر جوا کھیلنے والے چھ افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے داؤ پر لگی رقم، پانچ موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

محمد لطیف عباسی اور سفیر احتر عباسی کی تنظیم کیلئے بے شمار خدمات ہیں، راجہ محمد جان عباسی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) عباسیہ فاؤنڈیشن ٹرسٹ کے سربراہ سالار ملت راجہ محمد جان عباسی نے لاہور میں ملت عباسیہ کا شاندار پروگرام کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ محمد لطیف عباسی اور سفیر احتر عباسی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کہوٹہ نڑھ نور آباد سڑک ٹریفک کیلئے بحال

کہوٹہ (نمائندہ خصوصی) کہوٹہ کے نواحی علاقے نڑھ نور آباد میں لینڈ سلائیڈنگ اور بڑے پتھر گرنے سے متاثرہ سڑک پر بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے، جبکہ سڑک کا ایک حصہ ٹریفک کی آمدورفت کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سی پی او حسن سکھیرا کی کھلی کچہری، ایس ایچ او نصیر آباد معطل

غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام میں کوتاہی برداشت نہیں، گفتگو

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے تھانہ آر اے بازار اور تھانہ ویسٹریج کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او کینٹ، متعلقہ ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل سی پی او کے سامنے پیش کیے۔ حسن مشتاق سکھیرا نے شہریوں کی شکایات سنیں اور موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

راول ڈیم صفائی مہم، 2 ٹن کوڑا کرکٹ اٹھایا گیا

طلبہ، سول سوسائٹی سمیت 200 سے زائد رضا کاروں نے حصہ لیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اور میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد (ایم سی آئی) نے چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد کی ہدایات پر، جاز ورلڈ کے اشتراک سے راول ڈیم میں صفائی مہم کا کامیاب انعقاد کیا۔ خصوصی صفائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

مختلف وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی، چوری اور نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے چھینا گیا موٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی پولیس لائنز میں کھلی کچہری کا انعقاد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

جابا تیلی میں غیر قانونی واٹر باؤزرز کے خلاف آپریشن

گھروں میں باؤزر لگا کر پانی فروخت کیے جانے کا انکشاف

اسلام آباد (سردار وقار احمد) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے جابا تیلی اور کامسیٹس یونیورسٹی کے اطراف غیر قانونی واٹر باؤزرز کے خلاف آپریشن کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس حوالے سے سی ڈی اے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے ضلعی انتظامیہ، اسلام آباد پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کو مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ غیر قانونی طور پر قائم واٹر باؤزرز اور ان سے وابستہ سرگرمیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سی ڈی اے نے ضلعی انتظامیہ سے مجسٹریٹ کی تعیناتی جبکہ اسلام آباد پولیس سے سکیورٹی فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

روات پولیس: چور گینگ کے تین ارکان گرفتار کر لیے

ملزمان چوری، نقب زنی اور ناجائز اسلحے کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ نکلے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ روات پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں مطلوب گینگ کے سرغنہ کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل، چالیس ہزار روپے، پانی کی موٹریں اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان چوری، نقب زنی اور ناجائز اسلحے کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں۔ روات پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا۔ ایس پی صدر انعم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ سرچ آپریشن، مشکوک افراد تھانہ بند

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گرینڈ سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، آئیسکو کی نجکاری کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

منافع بخش بجلی کمپنیوں کی نجکاری غیر دانشمندانہ اقدام، جاوید اقبال بلوچ

حکومت ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کر کے ہمیں راست اقدام پر مجبور نہ کرے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے زیر اہتمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں آئیسکو، فیسکو اور گیپکو کی نجکاری، ادارے میں سٹاف کی کمی، کنٹریکٹ ملازمین کی عدم مستقلی اور دیگر مزدور دشمن حکومتی اقدامات کے خلاف نیشنل پریس کلب کے باہر ایک بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس کی قیادت واپڈا سی بی اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، واپڈا ہائیڈرالیکٹرک ورکرز یونین کے زیر اہتمام آئیسکو کی نجکاری کیخلاف مظاہرے سے ریجنل چیئرمین جاوید بلوچ خطاب کر رہے ہیں

سربراہ عباسیہ فاؤنڈیشن ٹرسٹ راجہ جان عباسی اجلاس کے اختتام پر گروپ فوٹو

سی ایس ایس میں نوجوانوں کی دلچسپی برقرار

رجسٹریشن پانچ سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، ایف پی ایس سی

اسلام آباد (اے پی پی): فیڈرل پبلک سروس کمیشن (ایف پی ایس سی) نے واضح کیا ہے کہ سی ایس ایس میں نوجوانوں کی دلچسپی برقرار ہے اور اسکریننگ ٹیسٹ (ایم پی ٹی) 2025 کے لیے رجسٹریشن گزشتہ پانچ برسوں کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ ایف پی ایس سی کے ترجمان نے سول سروسز میں نوجوانوں کی عدم دلچسپی سے متعلق شائع ہونے والی حالیہ میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ن لیگ کی نااہلی، کرپشن نے پنجاب کو ڈبو دیا، پی پی عوام کیساتھ کھڑی ہے، ندیم افضل چن

آج پنجاب کی حالت چیخ چیخ کر بتا رہی ہے کہ ستھرا پنجاب صرف ایک نعرہ تھا، مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی

گوجرانوالہ، لیہ میں گلیاں، بازار ندی نالے بن گئے، سیوریج کا گندا پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے، ستھرا پنجاب فراڈ ہے، ردعمل

لاہور (نمائندہ خصوصی) مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی ندیم افضل چن کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف تقریر پر سخت ردعمل مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کل مظفرآباد میں تقریر میں پاکستان پیپلز پارٹی پر لگائے گئے جھوٹے الزامات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ن لیگ کی نااہلی اور کرپشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ہمیں دنیا کیساتھ فکر آخرت کی بھی ضرورت ہے، بشیر راجہ

اڈیالہ (نامہ نگار) موت برحق ہے۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ ہم یہاں جو بوئیں گے آخرت میں وہی کاٹیں گے۔ ہمیں دنیا کے ساتھ ساتھ فکر آخرت کی بھی ضرورت ہے۔ ہم دعا گو ہیں اللہ پاک مولانا پیر شیر محمد مغل کی بھابی اور مفتی نعمان مغل کی تائی جان مرحومہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کراچی: گمشدہ نادرا آفیسر فیاض احمد کا تاحال سراغ نہ مل سکا

کراچی (صباح نیوز) کراچی میں نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر فیاض احمد کی پراسرار گمشدگی کو تین دن گزر جانے کے باوجود تاحال ان کا کوئی سراغ نہیں مل سکا ہے۔ وہ سینئر صحافی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان کا کاوا والی بال چیمپئن شپ میں فاتحانہ آغاز

قومی ٹیم نے سری لنکا کو شکست دے کر اپونٹ کا شاندار آغاز کیا

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) پاکستان والی بال فیڈریشن (پی وی ایف) کے زیر اہتمام زونگ 5G سینٹرل ایشین والی بال ایسوسی ایشن (CAVA) مینز والی بال چیمپئن شپ 2026 کا شاندار آغاز اسلام آباد میں رنگا رنگ افتتاحی تقریب کے ساتھ ہوا افتتاحی تقریب میں پاکستان والی بال فیڈریشن کے عہدیداروں ملکی و غیر ملکی ٹیموں کے آفیشلز کھلاڑیوں اور شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب میں شریک ٹیموں کا تعارف کرایا گیا جبکہ چیمپئن شپ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پاکستان مشرق وسطیٰ جنگ روکنے کیلئے سفارتکاری کا دروازہ کھلا رکھے، سردار مسعود

باب المندب اور خلیجی بحری راستوں سمیت سمندری راستوں کو لاحق خطرات عالمی تجارت کو متاثر کر سکتے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتے ہوئے تنازعات کے باوجود وسیع تر علاقائی جنگ کو روکنے کے لیے سفارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، معروف ٹرانسپورٹر حاجی حق نواز کی نماز جنازہ پیر جمیل الرحمن پڑھا رہے ہیں

پیرودھائی، حاجی حق نواز کا انتقال، نماز جنازہ ادا

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) نیو دربار اڈہ منڈی موڑ پیرودھائی کے اونر معروف ٹرانسپورٹر حاجی نصیر، حاجی تیمور اور حاجی مبشر کے والد حاجی حق نواز گزشتہ روز رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے جن کی نماز جنازہ 4 نمبر چونگی بابا بدھو شاہ کی زیارت میں ادا کی گئی نماز جنازہ عید گاہ شریف کے پیر علامہ جمیل الرحمن نے پڑھائی جس میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن، 18 ملزمان گرفتار

غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث آٹھ ملزمان سے بھاری مال برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، جس کے دوران اشتہاریوں اور عدالتی مفروروں سمیت 18 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ کھنہ، بہارہ کہو کرپہ نیلور سنبل رمنا اور ہمک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پیپلز پارٹی تمام ناراض کارکنوں کو ساتھ لیکر چلے گی، سعدیہ، مہوش

دوبارہ پارٹی میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے ان کے مسائل حل کرائیں گے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی ضلعی جنرل سیکرٹری سعدیہ عباسی اور تحصیل صدر مہوش بتول نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی پارٹی کے تمام ناراض کارکنوں کو ساتھ لیکر چلے گی اور انھیں دوبارہ پارٹی میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے ان کے مسائل حل کرائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے حلقہ ایل اے 44 و یلی 5 کے کارکنوں سے ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ناراض کارکن امیر حمزہ، سید حسن رضا فضل شاہ اور دیگر بھی موجود تھے، ناراض کارکن امیر حمزہ، سید حسن رضا فضل شاہ نے کہا کہ ہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پنجاب، غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کا انخلاء جاری

لاہور (آئی این پی) پنجاب بھر سے غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا عمل جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پنجاب پولیس اب تک لاہور سمیت پنجاب بھر سے 36 ہزار 545 افغانیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد کسٹمز کی کارروائی، 40 کروڑ کے جعلی سگریٹ برآمد

8 ملزمان گرفتار، واقعے کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

سمگلنگ نیٹ ورک سے وابستہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیم تشکیل

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ نے اسمگلنگ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے چکری اور بلکسر کے علاقوں میں اینٹی اسمگلنگ آپریشن کے دوران 11 مزدا ٹرک قبضے میں لے لیے ہیں، کسٹمز حکام کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، جس میں 11 ٹرکوں سے ایک لاکھ سے زائد مختلف برانڈز کے نان ٹیکس پیڈ اور مبینہ جعلی سگریٹ برآمد کیے گئے۔ کارروائی کے دوران 8 سے زائد ملزمان کو بھی گرفتار کر لیا گیا، حکام کا کہنا ہے کہ ضبط کیے گئے سگریٹ اور ٹرکوں کی مجموعی مالیت 40 کروڑ روپے سے زائد بتائی جا رہی ہے۔ کسٹمز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

آئی سی سی چھٹہ بختاور میں اساتذہ اور انتظامیہ کی ٹریننگ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئی سی سی چھٹہ بختاور میں اساتذہ اور انتظامیہ کی ٹریننگ کریں گے۔ جس میں پلے گروپ سے آٹھویں جماعت تک نصاب کی تقسیم و تکمیل کا لائحہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی پولیس کا تفتیشی نظام بہتر بنانے کیلئے تربیتی ورکشاپ

ملزمان کو ٹریس کرنے، شواہد اکٹھے کرنے، موثر کیس فائل تیار، سزا دلوانے بارے آگاہ کیا گیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تفتیش کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور تفتیشی افسران کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے کے لیے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز راولپنڈی میں خصوصی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف تھانوں کے تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے دوران اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹرز اور سینئر پولیس افسران نے تفتیشی افسران کو مختلف مقدمات، بالخصوص منشیات سے متعلق کیسز کی تفتیش کے حوالے سے تفصیلی لیکچرز دیے۔ شرکاء کو ملزمان کو ٹریس کرنے، شواہد اکٹھے کرنے، موثر کیس فائل تیار کرنے اور ملزمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

گوجر خان میں بھی نالے صاف آپریشن شروع

جدید مشنری کے ذریعے روزانہ 1 سو میٹر صفائی کی جائے گی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت گوجر خان میں بھی نالے صاف آپریشن شروع، جدید مشنری کے ذریعے روزانہ 1 سو میٹر صفائی کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کا حکم، لاکھوں کروڑوں کی صفائی مہم شروع ہوتیں ہیں مگر کہیں سے مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

گوجر خان، وارڈ 19 کا نیا ٹیوب ویل فعال نہ ہو سکا

خشک ہو گیا تو قومی خزانے کے لاکھوں روپے کا نقصان ہو گا، عوامی حلقے

گوجر خان (بیورو رپورٹ) چیف آفیسر اور سب انجینیئر بلدیہ گوجر خان کی نااہلی کا ایک اور کارنامہ منظر عام پر آ گیا، وارڈ نمبر 19 کا نیا ٹیوب ویل دو ہفتے گزرنے کے باوجود فعال نہ ہو سکا، ٹیوب ویل کے خشک ہونے کا خطرہ، قومی خزانے کے لاکھوں روپے نقصان ہونے کا خدشہ، عوامی سماجی حلقوں کا اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گوجر خان شہر میں سماجی کارکنان کے تعاون سے بلدیہ کی جانب سے لاکھوں روپے لگا کر لگایا گیا وارڈ نمبر 19 میں نیا ٹیوب ویل دو ہفتے گزرنے کے باوجود فعال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی کا انجم اقبال مغل پارک کا دورہ

شہریوں کو معیاری تفریحی سہولیات کی فراہمی پر زور دیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مینجنگ ڈائریکٹر ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی احمد حسن رانجھا نے خیابانِ سرسید میں واقع انجم اقبال مغل پارک کا خصوصی دورہ کیا اور پارک میں جاری تزئین و آرائش، باغبانی، صفائی، شجرکاری اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی کو پارک میں جاری ترقیاتی منصوبوں، موسمی پھولوں کی کاشت، پودوں کی نگہداشت، آبپاشی کے نظام، روشنی کے انتظامات، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد
شکایات سیل
★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔
تو ہم سے رابطہ کریں۔
سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینافلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک واٹر پروف پرنٹس
ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083

روزنامہ شہرنامہ Daily SHEHAR NAMA Islamabad اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیوایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

قومی معیشت اور عوام کی خوشحالی!

کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے وزیر اعظم ہاؤس میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر اعظم نے کینیڈین وزیر خارجہ کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اور اس بات کا اعادہ کیا کہ دونوں ممالک کے مابین دوستانہ تعلقات قائم ہیں جنہیں خاص طور پر تجارت، سرمایہ کاری، زراعت بشمول ایگری فوڈز اور ویکسین کی تیاری، قابل تجدید توانائی اور آٹو پارٹس کی صنعت کے شعبوں میں مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے خطے میں امن کے قیام کے لیے پاکستان کی کوششوں کی حمایت پر کینیڈا کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر انیتا آنند نے کینیڈین وزیر اعظم مارک کارنی کا خیر سگالی کا پیغام پہنچاتے ہوئے کہا کہ ان کے دورہ پاکستان کا مقصد دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی جہت دینے کا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ کینیڈا میں مقیم پاکستانی برادری دونوں ممالک کے درمیان مضبوط پل کا کردار ادا کر رہی ہے۔ تجارت، سرمایہ کاری، معدنیات اور زراعت کے شعبوں میں وفود کے تبادلوں کو بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا تاکہ باہمی اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ ملاقات کے بعد پاکستان کو کینیڈا سے کینولا کی درآمد کے حوالے سے فائٹوسینیٹری پروٹوکول پر دستخط کیے گئے جو زرعی تجارت میں ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ کینیڈین وزیر خارجہ نے جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بھی ملاقات کی، جس میں علاقائی سلامتی، دہشت گردی کے خلاف تعاون اور دفاعی تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے مشترکہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے اور دفاعی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا، جبکہ کینیڈین وزیر خارجہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں اور امن و استحکام کے لیے اس کے کردار کو سراہا۔ وزارت خارجہ میں مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور کینیڈا کے تعلقات تاریخی روابط، عوامی سطح پر مضبوط تعلقات اور کینیڈا میں آباد متحرک پاکستانی کمیونٹی کی بنیاد پر استوار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، توانائی، کان کنی، اہم معدنیات، زراعت، بنیادی ڈھانچے اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے کینیڈین کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ اقتصادی تعاون دونوں ممالک کے تعلقات کا بنیادی ستون ہے۔ کینیڈین وزیر خارجہ انیتا آنند نے کہا کہ تقریباً بیس برس بعد کسی کینیڈین وزیر خارجہ کا پاکستان کا دورہ دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ فصلی سال کے دوران پاکستان نے کینیڈا سے چار لاکھ ستر ہزار ٹن سے زائد کینولا درآمد کیا، جبکہ کینیڈا مستقبل میں پاکستان سے چاول، ٹیکسٹائل اور کھیلوں کا سامان زیادہ مقدار میں درآمد کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈین کمپنیاں پاکستان میں قابل تجدید توانائی اور کان کنی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مزید مواقع تلاش کر رہی ہیں۔ کینیڈین وزیر خارجہ کا یہ دورہ دونوں ممالک کے تعلقات کے حوالے سے کامیابی سے ہمکنار رہا۔ اس دورے نے ثابت کیا کہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ کینیڈا پاکستان کے لیے بہت کچھ کر سکتا ہے اور پاکستان بھی اپنی جغرافیائی اہمیت، انسانی وسائل، زرعی صلاحیت اور صنعتی پیداوار کے ذریعے کینیڈا کے لیے اس سے بھی زیادہ مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ اصل کامیابی صرف معاہدوں پر دستخط کرنے میں نہیں بلکہ ان پر مؤثر اور بروقت عمل درآمد میں ہے۔ اگر طے پانے والے معاہدوں کو عملی جامہ پہنایا گیا تو یہ پاکستان کی معیشت، برآمدات، روزگار اور مجموعی ترقی کے لیے انتہائی سودمند ثابت ہوں گے۔ پاکستان کو اب سب سے زیادہ توجہ اپنی برآمدات بڑھانے پر مرکوز کرنی چاہیے، کیونکہ پائیدار اقتصادی ترقی کا راستہ مضبوط ایکسپورٹ سے ہی ہو کر گزرتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ملک میں سازگار کاروباری ماحول پیدا کرنا ناگزیر ہے۔ امن و امان کی مثالی صورتحال، بجلی اور گیس کی بلاتعطل فراہمی، توانائی کے مناسب نرخ، سرمایہ کار دوست پالیسیاں اور صنعتی شعبے کو درپیش رکاوٹوں کا خاتمہ وہ بنیادی عوامل ہیں جن کے بغیر عالمی منڈی میں مسابقت ممکن نہیں۔ اگر حکومت ان شعبوں پر سنجیدگی سے توجہ دے تو پاکستان نہ صرف کینیڈا بلکہ دنیا کے دیگر ممالک میں بھی اپنی برآمدات کو نمایاں طور پر بڑھا سکتا ہے، جس کے ثمرات قومی معیشت اور عوام کی خوشحالی کی صورت میں سامنے آئیں گے۔

مون سون سیزن، پیشگی انتظامات ضروری!

ملک میں موسلا دھار بارش، سیلابی ریلوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں 13 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو چکے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر میں ہونے والی موسلا دھار بارش اور سیلابی ریلوں نے تباہی مچا دی ہے جہاں مختلف واقعات میں چھ افراد جاں بحق جبکہ کئی افراد زخمی ہو گئے۔ شدید بارش کے باعث لنڈی کوتل اور گردونواح میں متعدد رابطہ سڑکیں متاثر ہوئیں، کچھ مکانات اور 10 سے زائد گھروں کی چار دیواریاں منہدم ہو گئیں۔ مختلف مقامات پر سیلابی ریلوں میں گاڑیاں بہہ گئیں تاہم اِن میں سوار خواتین اور بچوں کو بچا لیا گیا۔ مقامی پولیس کے مطابق علاقہ خوگہ خیل زکریا مسجد کے قریب کھڑی ایک کار بھی سیلابی ریلے کی نذر ہوئی تاہم اِس میں سوار تمام افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ مانسہرہ کے علاقے جبوڑی میں کلاؤڈ برسٹ کے نتیجے میں متعدد ہوٹلوں اور رہائشی


ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

مکانات کو شدید نقصان پہنچا، جبکہ اچانک آنے والے سیلابی ریلوں نے معمولاتِ زندگی متاثر کر دیئے۔ وادی کاغان، وادی سرن اور دیگر حساس علاقوں میں ندی نالوں اور دریاؤں میں سیلاب کے خدشے کے پیش نظر سیاحوں کو دریائے کنہار اور دیگر آبی گزرگاہوں سے دور رہنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ مردان رستم کالوڈھیری میں کمرے کی چھت گرنے سے دو بچے جاں بحق جبکہ ماں اور بیٹی شدید زخمی ہو گئیں۔ گلگت بلتستان کے ضلع نگر میں چھلت کے علاقے بڑہ لس میں لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے چار مزدور جاں بحق ہو گئے۔ کشمیر کی وادی نیلم کے نواحی گاؤں میں بادل پھٹنے کے بعد ندی نالوں میں طغیانی آ گئی جس سے مکانات سمیت متعدد دکانیں سیلاب کی زد میں آ گئیں۔ مینگل نالے کے قریب کھڑی متعدد گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کے علاوہ لوگوں کے مال مویشی بھی نالے میں بہہ گئے جبکہ مرکزی شاہراہ نیلم پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوئی۔ بارش کی وجہ سے لاہور کے علاقے شادباغ کی کھوکھر روڈ پر کرنٹ لگنے سے بائیس سال نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ دوسرا واقعہ نین سکھ کے علاقے میں پیش آیا جہاں گھر کی دیوار گرنے سے سات افراد زخمی ہو گئے

ہر سال کی طرح اِس سال بھی مون سون کی بارشوں نے تباہی پھیلانا شروع کر دی ہے۔ گزشتہ سال بھی درجنوں دیہات دیگر علاقوں سے کٹ گئے تھے، سینکڑوں گھر تباہ ہوئے تھے جبکہ لاکھوں افراد خوراک، صاف پانی اور طبی نگہداشت کے حصول کے لئے سرگرداں رہے تھے۔ قدرتی آفات سے بچاؤ کے ملکی ادارے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی طرف سے گزشتہ سال ستمبر میں جاری کی گئی رپورٹ کے مطابق جون کے آخر سے شروع ہونے والی شدید بارشوں کے نتیجے میں سیلاب اور پہاڑی تودے گرنے، کرنٹ لگنے، سیلاب میں بہہ جانے سمیت دیگر ایسے مختلف واقعات میں 250 بچوں سمیت ایک ہزار افراد جاں بحق جبکہ ہزاروں زخمی ہو گئے تھے۔ صوبہ خیبر پختونخوا سب سے زیادہ متاثر ہوا تھا جہاں سینکڑوں گھر سکول تباہ ہو گئے اور درجنوں دیہاتوں اور علاقوں کا ملک کے دیگر حصوں سے زمینی رابطہ منقطع ہو گیا تھا۔ پنجاب میں بھی دریائے ستلج، راوی اور چناب میں پانی کی سطح بلند ہونے کے نتیجے میں اِرد گرد کے علاقوں میں سیلابی کیفیت تھی۔ اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے انسانی امور (او سی ایچ اے) کے سربراہ نے گزشتہ سال اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ پاکستان میں ریکارڈ مون سون بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں 60 لاکھ سے زائد افراد متاثر اور 25 لاکھ سے زیادہ بے گھر ہوئے۔ اُن کی رپورٹ کے مطابق سیلاب نے سب سے زیادہ نقصان پنجاب میں پہنچایا تھا جہاں بھارت کی طرف سے ڈیموں سے پانی چھوڑنے کے بعد دریاؤں نے تباہی مچائی جس سے 47 لاکھ افراد متاثر ہوئے، کئی علاقوں میں پورے کے پورے گاؤں پانی میں ڈوب گئے تھے، رابطہ سڑکیں اور پُل تباہ ہوئے جبکہ 22 لاکھ ہیکٹر زرعی زمین بھی زیر آب آ گئی تھی جس کی وجہ سے گندم کی قیمت تیزی سے بڑھ گئی تھی۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ جولائی سے ستمبر تک جاری رہنے والا مون سون سیزن حالیہ برسوں میں غیر متوقع اور زیادہ خطرناک ہو سکتا ہے جس میں ماحولیاتی تبدیلیوں کا بہت بڑا کردار ہے۔ یاد رہے کہ 2022ء کے سُپر فلڈز میں دو ہزار سے زائد افراد ہلاک جبکہ لاکھوں متاثر ہوئے تھے۔ گزشتہ سال پاکستان کے شمالی علاقے گلگت بلتستان میں گلیشیر پھٹنے سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی تھی۔ اِس آفت کے نتیجے میں جہاں بہت سے گھر اور آبی نظام تباہ ہو گئے تھے وہاں دور دراز وادیوں میں بجلی کی ترسیل بھی متاثر ہوئی تھی۔ ماہرین کے مطابق گلیشیر اُس وقت پھٹتا ہے جب شدید بارشوں یا بڑھتے درجہ حرارت کے نتیجے میں گلیشیائی جھیلوں کا پانی اپنی قدرتی رکاوٹوں کو توڑ کر سیلاب کی شکل اختیار کر لیتا ہے جبکہ بڑے بڑے پہاڑی پتھر اور دیگر ملبے کے ڈھیر بھی اِس میں شامل ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر تباہی پھیلتی ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں ہمالیہ، ہندوکش خطے میں گلیشیر پگھل رہے ہیں جس کے نتیجے میں غیر مستحکم جھیلوں کی تعداد بڑھ رہی ہے جو حادثات کے خطرات بڑھا رہی ہیں۔ دنیا بھر میں بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے حادثات ہوتے ہیں، قیمتیں انسانی جانیں بھی ضائع ہوتی ہیں لیکن جہاں کہیں ایسا کوئی واقعہ پیش آتا ہے تو پھر حکام اور ادارے اس کوشش میں جُت جاتے ہیں کہ آئندہ اُسی نوعیت کا کوئی حادثہ پیش نہ آ سکے۔ اس کے برعکس ہمارے ہاں ہر سال وہی کچھ دہرایا جاتا ہے جو کچھ ماضی میں ہو چکا ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں نہ مون سون سے پہلے مطلوبہ اقدامات کئے جاتے ہیں اور نہ ہی بعد میں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے علاوہ تمام تر متعلقہ اداروں کو مون سون کی تیاری اِس موسم سے قبل اور بعد میں عالمی معیار کے مطابق ہر وقت جاری رکھنی چاہئے۔

تھے وہ بھی دن کہ خدمت اُستاد کے عوض............

حرف وسخن
ڈاکٹر فوزیہ تبسم
fouzia.teaching@gmail.com

اعلیٰ تعلیمی اداروں کا بنیادی مقصد معاشرے میں انصاف، مساوات اور تحقیق کے کلچر کو فروغ دینا ضروری ہوتا ہے۔ اس سے پہلے بھی کالم نگار جامعہ پنجاب کے اساتذہ کے بنیادی مسائل بی پی ایس اساتذہ کی بڑھتی ہوئی معاشی مایوسی اور ٹی ٹی ایس اساتذہ کے تنخواہ ڈھانچے کے تفاوت پر بات کرتے رہتے ہیں راقم بھی تفصیل سے اس پر کئی بار روشنی ڈال چکی ہے۔ آج ہم ایک بار پھر اسی تسلسل کو آگے بڑھاتے ہوئے اس تلخ حقیقت کا احاطہ کریں گے کہ کس طرح ملک کی اس عظیم اور قدیم درسگاہ کو ایک خاموش معاشی اور فکری تقسیم کا شکار کر دیا گیا ہے جب بڑے بڑے اداروں کے اندر ناانصافی کی جڑیں گہری ہو جائیں تو وہاں سے جلنے والی علم کی شمع خود دھندلا جاتی ہے۔ یونیورسٹی میں ایک طرف ٹریک سسٹم (TTS) کے تحت بھاری مراعات اور تنخواہوں کی متواتر بڑھوتی کا فیض پانے والی فیکلٹی ہے اور دوسری طرف بنیادی تنخواہ کے اسکیل (BPs) کے تحت سالہا سال سے ایک ہی جگہ منجمد، معاشی طور پر پامال اور اپنے بنیادی حقوق سے محروم اساتذہ کی بڑی اکثریت ہے۔

ہائر ایجوکیشن کمیشن کو ریاست میں تعلیم اور تدریس کی حقیقی روح کو پروان چڑھانا چاہیے۔ جامعات کو علم کے مراکز بنانا چاہیے جہاں حقیقی تحقیق کو فروغ ملے۔ ملک بھر کی جامعات میں اندھا دھند جو تحقیقی پیپر چھاپنے کی دوڑ لگی ہوئی ہے اس میں تحقیق کے معیار کو یکسر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ یونیورسٹیز کی اعلیٰ تعلیم کو (Paper Mill Producing Industry) بنا دیا گیا ہے کیونکہ اب میرٹ کی بجائے من پسند ترجیحات کا دور دورہ ہے ان تحقیقی، ایک مقالے میں چھ چھ نام لکھنے کا رواج قائم ہو چکا ہے تاکہ ہر سٹوڈنٹ بغیر کسی محنت کے ترقی کی دوڑ میں شامل ہو سکے یہ صورت حال فیض احمد فیض کے اس شکوے کی یاد دلاتی ہے:

یہ داغ داغ اُجالا، یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا، یہ وہ سحر تو نہیں

ایچ ای سی کے اپنے ملازمین بھی ٹی ٹی ایس فیکلٹی ایچ ای سی آرڈیننس کے سیکشن (9)10 کے تحت ٹائم اسکیل پروموشن کا بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ لیکن جب بی پی ایس کی بات ہوتی ہے تو ان کے حقوق کو یکسر کیوں دبا دیا جاتا ہے۔ بی پی ایس اساتذہ کا سب سے بڑا المیہ ان کا سروس اسٹرکچر اور ٹائم اسکیل پروموشن کا نہ ہونا ہے جس کی وجہ سے وہ دو دہائیوں سے ایک ہی پوزیشن پر بیٹھنے پر مجبور ہیں۔ حال ہی میں آل پاکستان یونیورسٹی بی پی ایس ٹیچرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ملک گیر سطح پر ایک سروے کیا گیا جس میں مختلف جامعات کے لگ بھگ 1100 اساتذہ نے حصہ لیا۔ اس سروے کے نتائج سے معلوم ہوا کہ ہائر ایجوکیشن کے نظام میں ایک بی پی ایس استاد اوسطاً 20 سے 25 سال میں اپنی زندگی ایک ہی اسکیل یا پوزیشن پر گزارنے پر مجبور کر دیا جاتا ہے۔ معاشی ناانصافی کے باوجود بی پی ایس اساتذہ 2022ء سے مسلسل پُرامن جدوجہد کر رہے ہیں اور ان کے حقوق میں سینیٹ، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کی واضح سفارشات اور اعلیٰ عدالتوں کے فیصلے تک موجود ہیں مگر ایچ ای سی کے اربابِ اختیار ان آئینی فیصلوں کو ہوا میں اڑا دیتے ہیں۔ اس معاشی کسمپرسی اور جمود پر مرزا غالب کا یہ شعر ان حالات کی کچھ یوں عکاسی کرتا ہے:

قیدِ حیات وبندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

ان حالات میں اساتذہ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہیں 70 فیصد سے زائد جامعات کے یہ مظلوم اساتذہ جمود اور غیر محفوظ مستقبل کی وجہ سے شدید ذہنی ڈپریشن اور انزائٹی کا شکار ہو چکے ہیں۔ ایسی صورت حال اعلیٰ تعلیم کے معیار پر براہ راست اور گہرا اثر ڈال رہی ہے استاد اگر خود معاشی اور ذہنی طور پر مفلوج اور غیر محفوظ ہوگا تو وہ کلاس روم میں نئی نسلوں کی فکری تعمیر کا فریضہ یکسوئی سے کیسے انجام دے سکتا ہے۔ اس کا حتمی نقصان ریاست کے بنیادی ڈھانچے اور نظریہء پاکستان کو پہنچ سکتا ہے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ ہمارے اساتذہ نے کٹھن ترین حالات میں بھی علم کی شمع کو بجھنے نہیں دیا۔ صوفی تبسم نے کیا خوب کہا:

ذہنِ انساں میں کھٹکتے ہیں وہی الجھاؤ
سینہ دہر میں پنہاں ہے کوئی راز ابھی

اساتذہ کو خدمت اور قربانیوں کا صلہ معاشی محرومی کی صورت میں مل رہا ہے شاعرِ مشرق علامہ اقبالؒ نے فرمایا:

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی
اس کھیت کے ہر خوشہء گندم کو جلا دو

افسوسناک امر تو یہ ہے کہ اساتذہ کی نمائندہ تنظیمیں یعنی پنجاب یونیورسٹی اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن (A S A) اور فیواسا (Fapuasa) اس سنگین معاملے پر مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں حالانکہ ان تنظیموں کا وجود ہی عام فیکلٹی ممبر کے حقوق کی پاسداری کیلئے عمل میں آیا تھا۔ احتجاج، ہڑتالوں یا ٹکراؤ کا راستہ اپنانے کی بجائے سفارت کاری اور مضبوط مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ موجودہ چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر نیاز احمد اختر اس مسئلے کے حل کیلئے موزوں ترین شخصیت ہیں وہ خود پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر بھی رہ چکے ہیں۔ اساتذہ کی مایوسی اور بی پی ایس و ٹی ٹی ایس کے درمیان موجود اس خلیج کو بہت اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ میں ڈاکٹر نیاز احمد صاحب سے پرزور اپیل کرتی ہوں کہ وہ اس ناانصافی کا نوٹس لیں اور پارلیمنٹ کی سفارشات اور عدالتی فیصلوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بی پی ایس سروس اسٹرکچر اور ٹائم سکیل پروموشن کی منظوری دیں تاکہ پنجاب یونیورسٹی اور ملک بھر کے اساتذہ کو ان کا بنیادی اور قانونی حق مل سکے۔

حالات کا طلسم


ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

بیانات کے شغل میلے بڑے طمطراق سے جاری ہیں۔ عوام مہنگائی کے ہاتھوں تنگ ہیں مگر ہمارے سیاستدانوں کے بیانیے پر نظر ڈالیں تو دور دور تک ان میں عوام کے مسائل کا ذکر نظر نہیں آتا۔ بلاول بھٹو زرداری کشمیر میں انتخابی مہم چلائے ہوئے ہیں۔ دھواں دار خطابات کر رہے ہیں۔ تھوڑا سا دھمکی کا تڑکا بھی لگا دیتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ تیر شیر کو ڈھیر کر دے گا۔ اب سنا ہے نواز شریف اور مریم نواز بھی کشمیر جا رہے ہیں، وہ کیا پھلجھڑیاں چھوڑتے ہیں جلد سامنے آ جائیں گی۔ اِدھر مولانا فضل الرحمن نے علیحدہ منڈلی سجا رکھی ہے۔ ایک بیان میں کچھ زیادہ کہہ بیٹھے تھے، اس پر معذرت کرنے کی بجائے انہوں نے مزید توپوں کے منہ کھول دیئے ہیں۔ ساتھ ہی یہ مطالبہ بھی داغ دیا ہے جس شخص نے میرے خلاف مہم چلائی ہے، وہ مجھ سے معافی مانگے، علیمہ خان نے بھی خیبر پختونخوا کا رخ کیا ہے۔ سوات اور بونیر پہنچیں جہاں لوگوں نے اچھا استقبال کیا جس پر انہوں نے بھی جوشِ خطابت کے دریا بہائے اور یہ اعلان بھی کر دیا کہ خیبر پختونخوا سے اڈیالہ جیل کی طرف مارچ کریں گے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی ان کے ساتھ نہیں حالانکہ عمران خان کی رہائی کے معاملے پر وہ پہلے بڑھ چڑھ کر احتجاج کرتے رہے ہیں۔ عجیب و غریب کھچڑی پک رہی ہے اور اس کھچڑی میں عوام کو درپیش مسائل کا ذکر کہیں نہیں ہو رہا۔ کوئی پٹرول مہنگا ہونے کی بات کر رہا ہے اور نہ ہی کسی نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ روزانہ قیمتوں کا فارمولا نافذ کر کے ملک کو کتنی بڑی بے یقینی میں ڈال دیا گیا ہے۔ خواجہ سعد رفیق جو چند دن پہلے پورے سیاسی سسٹم کے ناقد بنے ہوئے تھے۔ اب مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم سے پاکستان میں کشمیر اسمبلی کی نشستوں کیلئے انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔ ملتان میں انہوں نے جلسے کئے اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کو پہلی بار اکٹھے ہونے کا موقع ملا، وگرنہ تو وہ اپنے مقامی رہنماؤں کی وجہ سے انتشار کا شکار تھے۔ ان کا استقبال کارکن اور رہنما ایسے کر رہے تھے جیسے خود نواز شریف آ گئے ہوں۔ ایک طرف یہ صورت حال ہے تو دوسری طرف مخدوم جاوید ہاشمی کے ساتھ پولیس کے عجیب داؤ پیچ جاری ہیں۔ سب کو معلوم ہے کہ آج کل جاوید ہاشمی سخت بیانات دے رہے ہیں اور اس کیلئے سوشل میڈیا کا استعمال کرتے ہیں۔ ان کے پوڈ کاسٹ ہوں یا ولاگ خاصے جارحانہ ہوتے ہیں۔ اتنے جارحانہ کہ مولانا فضل الرحمن کے بیانات کو بھی پیچھے چھوڑ جاتے ہیں ان پر دو دامادوں سمیت بجلی چوری کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ماجرا یہ ہوا ہے کہ جاوید ہاشمی کے دامادوں اور دیگر افراد نے پولیس کی آمد پر ویڈیوز بنا لیں۔ پولیس کی کئی گاڑیاں مخدوم رشید میں ان کی رہائش گاہ کو گھیرے ہوئے تھیں۔ پھر ایک ویڈیو ایسی بھی دیکھی گئی جس میں بہت سے پولیس والے ان کے گھر میں داخل ہو کر سیڑھیوں سے اتر رہے تھے۔ اب سوال یہ ہے کہ معاملہ اگر صرف بجلی چوری کا تھا تو پولیس والے گھر میں داخل ہو کر کیا چوری شدہ بجلی تلاش کر رہے تھے، پھر بجلی چوری پر میپکو والے میٹر اتارتے ہیں اور تھانے جا کر پرچہ درج کرنے کی درخواست دے دیتے ہیں۔ پولیس والوں کا گھر میں گھسنا لوگوں کو سمجھ نہیں آیا۔

اب نو بہ نو بیانات اور واقعات موسلا دھار بارش میں عام آدمی کسی کو کہاں یاد رہتا ہے۔ سنجیدہ حلقے تو اس بات پر بھی پریشان ہیں کہ یونیورسٹیوں میں نوجوان داخلہ نہیں لے رہے۔ سیٹیں خالی پڑی ہیں اور جن سیٹوں پر داخلہ ہوا ہے ان پر میرٹ انتہائی کم رہا ہے، حتیٰ کہ تھرڈ ڈویژن والے امیدواروں کو بھی داخلہ مل گیا ہے۔ کہاں پنجاب یونیورسٹی، گورنمنٹ کالج، بہاء الدین ذکریا یونیورسٹی ملتان، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور دیگر پبلک سیکٹر یونیورسٹیاں جن میں اعلیٰ نمبروں والے نوجوانوں کو بھی داخلہ نہیں ملتا تھا، آج طالب علموں کی راہ دیکھ رہی ہیں۔ پنجاب حکومت کے پاس تو اس حوالے سے بالکل بھی فرصت نہیں کہ ان معاملات پر توجہ دے کیونکہ تعلیم یافتہ بیروزگاروں کی ایک فوج ظفر موج پھر رہی ہے۔ ہر گھر میں بے روزگار نوجوان بیٹھے ہیں۔ پہلے اپنے بڑے بھائیوں کی تعلیمی میدان کے بعد عملی میدان میں کامیاب کی ہر گھر میں مثالیں ملتی تھیں اور نوجوان تحرک محسوس کرتے تھے اب بے روزگار ملتے ہیں تو نوجوانوں کو مایوسی ہوتی ہے اور سوچتے ہیں ہم نے بھی پڑھ لکھ کر بے روزگار ہی بیٹھنا ہے کیوں نہ کوئی ڈھنگ کا ہنر سیکھ لیا جائے۔ یہ اہم ترین مسائل ہیں، ان پر بات ہونی چاہیے کوئی حل نکالنا چاہیے، مگر آپ اسمبلیوں کے اندر اور باہر دیکھ لیں ان پر توجہ دینے کی کسی کے پاس فرصت ہی نہیں۔ ایک دوسرے کی پگڑی اچھالنے، ایک دوسرے کی کردار کشی کرنے، حب الوطنی اور غداری کے تمغے بانٹنے اور اسمبلیوں کے فلور کو بے توقیر کرنے کے سوا کوئی دوسرا عمل ہی نظر نہیں آتا۔

جب ایسا خلاء پیدا ہو جاتا ہے تو کئی لوگ اپنی موجودگی ثابت کرنے کیلئے پہنچ جاتے ہیں۔ یہ خبر بھی سب نے سنی ہے کہ وکلاء نے تحریک چلانے کا اعلان کر دیا ہے۔ علی احمد کرد کو اس تحریک کی سربراہی سونپی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں آئین، عدلیہ اور پارلیمنٹ ختم ہو چکی ہے، اب ان کی بحالی کیلئے وکلاء تحریک چلائیں گے۔ علی احمد کرد شاید ذہنی طور پر اسی دور میں کھڑے ہیں جس میں پرویز مشرف کے خلاف وکلاء نے تحریک چلائی تھی اور یہ چیف جسٹس چودھری افتخار محمد کی بحالی کے واسطے تھی۔ اس تحریک کی کامیابی کے بعد وکلاء کو اس ملک میں ایک بڑی طاقت کے طور پر ابھرنا چاہیے تھا لیکن پھر سب نے دیکھا کہ وکلاء میں گروپ بنتے چلے گئے ہر ایک نے بولیاں لگوائیں، حکومت کے ہاتھوں اپنے آپ کو بیچا، 26 ویں کے بعد 27 ویں ترمیم ہوئی۔ عدلیہ کے پر کاٹے گئے مگر وکلاء کے کئی بڑے رہنماؤں نے ان ترامیم کی حمایت کی۔ آج یہ عالم ہے کہ بار کونسلیں صرف اپنے مفادات کا تحفظ چاہتی ہیں۔ ان کیلئے آئین، عدلیہ کی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق کی باتیں زیادہ اہمیت نہیں رکھتیں۔ وکلاء کا ایک بڑا دھڑا حکومت کے ساتھ ہے۔ علی احمد کرد نے پہلا جلسہ پشاور میں کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے وہ لاہور میں جلسہ کرنے کا رسک نہیں لینا چاہتے۔ دیکھتے ہیں یہ تحریک زور پکڑتی ہے یا نہیں کیونکہ حالات کا طلسم سب دروازے بند کئے ہوئے ہے۔ کوئی دروازہ کھلتا ہے یا نہیں اس کا انحصار دروازہ کھولنے کی خواہش کرنے والوں کی نیت پر ہے۔ آج یہ عالم ہے کہ بار کونسلیں صرف اپنے مفادات کا تحفظ چاہتی ہیں۔ ان کیلئے آئین، عدلیہ کی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق کی باتیں زیادہ اہمیت نہیں رکھتیں۔ وکلاء کا ایک بڑا دھڑا حکومت کے ساتھ ہے۔

علی احمد کرد نے پہلا جلسہ پشاور میں کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے وہ لاہور میں جلسہ کرنے کا رسک نہیں لینا چاہتے۔ دیکھتے ہیں یہ تحریک زور پکڑتی ہے یا نہیں کیونکہ حالات کا طلسم سب دروازے بند کئے ہوئے ہے۔ کوئی دروازہ کھلتا ہے یا نہیں اس کا انحصار دروازہ کھولنے کی خواہش کرنے والوں کی نیت پر ہے۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

اشاعت خاص



خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ

فلسفہ حیات اور درگاہ کے موجودہ حالات

آپؒ نے نوے سالہ دنیاوی حیات میں دین اسلام کی دولت سے نوے لاکھ انسانوں کو مستفید فرمایا

دین کی دولت سے محروم مفلسوں کو دولت اسلام سے مستفید کروا کے آخرت کے خزانوں سے ہمکنار کروایا


ظفریات
facebook / zafar iqbal zafar raiwind
ظفر اقبال ظفر
zafariqbalzafarculimnist@gmail.com

آپؒ نجیب الطرفین سید ہیں یعنی والد اور والدہ دونوں اطراف سے آپؒ کا شجرہ حضرت علیؓ سے جا ملتا ہے۔ آپؒ کا اصل نام حسن ہے۔ آپؒ 14 رجب 530 ہجری 18 اپریل سنہ 1139 عیسوی میں ایران کے علاقے سنجر میں پیدا ہوئے اسی نسبت سے آپؒ کو حسن سنجری بھی کہا جاتا ہے۔ والد محترم کا نام غیاث الدین حسنؒ جو اپنے وقت کے صاحب کمال عالم دین ولی اللہ تھے جنہوں نے اپنے بیٹے خواجہ صاحبؒ کی ابتدائی تعلیم گھر میں خود ہی شروع کی آپؒ کی والدہ محترمہ کا نام ماہ نور بی بیؒ ہے۔ آپ کی پندرہ سالہ عمر میں والدین دنیا سے رُخصت فرما چکے تھے۔ وراثت میں ایک باغ اور پن چکی ملی جس سے آپ دنیاوی ضروریات پوری کرتے ایک دن اسی باغ میں ایک بزرگ حضرت ابراہیم قندوزیؒ تشریف لائے تو خواجہ صاحبؒ نے ان کی اپنے باغ سے عقیدت، تعظیم، ومحبت سے مہمان نوازی کی جس سے خوش ہو کر اس بزرگ نے آپؒ کو ایک روٹی کا ٹکڑا عنایت فرمایا جسے کھانے کے بعد آپؒ کا دل دنیاوی معاملات سے دینی معاملات کی جانب مائل ہو گیا جس کے بعد آپؒ چشتیہ سلسلے کے عظیم بزرگ خواجہ عثمان ہارونیؒ کے مرید ہو گئے مرشد کے ساتھ بیس سال تک دنیا کے بیشتر ممالک کا سفر کیا مورخ لکھتے ہیں کہ جب آپؒ مدینہ منورہ حاضر ہوئے تو آپؒ کو خواب میں محبوب خدا سردار انبیاء حضرت محمد ﷺ کی زیارت حاصل ہوئی اور آپؒ نے انہیں اپنا نمائندہ مقرر کر کے کفر و شرک میں قید انسانی مخلوق کو دین اسلام کی آزادی دینے ہندوستان جانے کا حکم فرمایا چنانچہ آپؒ نے تیرویں صدی کے آغاز میں جنوبی ایشاء کا رُخ کیا اور پاکستان کے شہر لاہور میں واقع حضرت سید علی بن عثمان جلابیؒ المعروف داتا علی ہجویریؒ کے مزار پر چلہ کاٹا یہاں سے روحانیت کے کمالات کو چمکانے کے بعد ہندوستان اجمیر میں مقیم ہو گئے یہاں پہلا نکاح سید وجیہہ الدینؒ کی صاحبزادی اُمت اللہ سے کیا جبکہ دوسرا نکاح مقامی ہندو راجہ کی بیٹی سے کیا جس کا نام عصمت اللہ رکھا گیا ان دونوں بیویوں سے آپؒ کے تین بیٹے اور ایک بیٹی پیدا ہوئی بیٹوں میں خواجہ فخرالدینؒ، خواجہ حسام الدینؒ، خواجہ ضیاء الدینؒ اور بیٹی بی بی جمال شامل ہیں۔ آپؒ نے نوے سالہ دنیاوی حیات میں دین اسلام کی دولت سے نوے لاکھ انسانوں کو مستفید فرمایا اور انسانیت کی عزت و محبت کے ساتھ وہ ایمانی خدمت کی کہ ہر مذہب کے پیروکار آج بھی آپؒ کے گرویدہ ہیں۔ آپؒ کی ساری زندگی کرامات خداوندی سے بھری پڑی ہے۔ مکمل حیات مبارکہ کے مطالعے کے لیے درجنوں کتب بھی کم ہیں کیونکہ دور حاضر میں بھی کئی حالات و واقعات رُونما ہو رہے ہیں اور رہتی دنیا تک ہوتے رہیں گے۔

اوپر جو معلومات میں نے آپ کو فراہم کی وہ عام میسر ہے اب ذاتی کارگزاری کی جانب آتا ہوں میں نے کئی سال پہلے کتابی مطالعے کے ذریعے خواجہ صاحبؒ کی دینی خدمات اور بالخصوص رُوحانی درجات سے واقفیت حاصل ہونے پر اُن کو خدا کے محبوب ولی کی نسبت سے اپنے دل و رُوح میں مقام عقیدت و محبت پر فائز کر لیا تھا۔ کیونکہ یہ اعزاز خدا کے محبوب ﷺ نے انہیں بخشا تھا اسلام نسل رسول اللہ ﷺ کے ذریعے ہی قیامت تک انسانیت میں پہنچتا رہے گا اور اس کا ایک معجزہ یہ بھی ہے کہ فرد واحد دین اسلام کی وہ خدمت کر جاتا ہے جو انسانی عمروں سے بڑی عمر کی جماعت و فرقہ اپنے سینکڑوں پیروکاروں کے ذریعے بھی نہیں کر پاتے۔ یہ تصوف و رُوحانیت کے منکر لوگوں کی سمجھ سے باہر کی باتیں ہیں آج ہندوپاک کے مسلمانوں کی بزرگ نسلوں کی پچھلی پرتوں کو نسل در نسل کھولتے چلے جائیں تو سینکڑوں سال پہلے غیر مسلم نکلیں گی۔ آج کے مسلمان اولیاء اللہ کی ہی دعوت و تبلیغ کے رُوحانی و اسلامی چشموں کا تسلسل ہے جو رسول خدا ﷺ سے جاری ہوا۔ ہم حضور اکرم ﷺ کے حکم و چاہت پر اولیاء اکرام کے ذریعے دین اسلام کی دولت سے مستفید ہوئے بزرگوں کی نسلوں میں سے ہیں۔ یہ انہی اولیاء اکرام کا فیضان ہے جن کے پاس قرآن و حدیث کے علم کے ساتھ تصوف و رُوحانیت کا خزانہ بھی موجود تھا۔

خوااجہ معین الدین چشتیؒ پوری اُمت مسلمہ و دیگر مذاہب کے نزدیک غریب نواز کے لقب سے بھی مشہور ہیں ان کی درگاہ پہ ہر مذہب کے لوگ دنیاوی حاجتوں کی دعائیں اور منتیں مانگتے ہیں جو پوری بھی ہوتی ہیں ورنہ بے فیض مزاروں پہ رونقیں نہیں ہوا کرتیں مگر خواجہ صاحبؒ سمیت تمام سچے اولیاء اکرام کی رُوحیں اُن صاحب عقل طالبوں کی دعاؤں سے زیادہ خوشی محسوس کرتی ہیں جو ان کے واسطے وسیلے سے خدا سے نماز و عبادات اور انسانی خدمت کی دولتیں مانگتے ہیں ورنہ جو خود تارک دنیا ہوں وہ دوسروں کو دنیا نہیں بانٹا کرتے۔

خواجہ صاحبؒ کا نام غریب نوازؒ اسی لیے ہے کہ انہوں نے دین کی دولت سے محروم مفلسوں کو دولت اسلام سے مستفید کروا کے آخرت کے خزانوں سے ہمکنار کروایا۔

اللہ کے سارے اولیاء اکرام اللہ کی زمین پر اللہ کے نظام کو مسلمان کی زندگی کا قانون بنانے آئے۔

2026 کی عید الضحیٰ کا موقع تھا میں دوسرے دن ہی بہت افسردگی و بے چینی میں گھر قید تھا کیونکہ گرمی کی شدت نے اپنی دہشت پھیلا رکھی تھی۔ مجھے اچانک سے خواجہ صاحبؒ کی روحانی حیات مبارکہ کے کمال خداوندی نے اپنے حصار میں لے رکھا تھا اس تناظر میں ان کے مقام وجود خاکی درگاہ اجمیر انڈیا سلام پہنچانے کی حسرت نے بے چین کر دیا تو میں نے سوشل میڈیا کے ذریعے مزار کے خادمین سجادہ نشین مطلب ہر طرح کے وابستہ لوگوں سے رابطے کرنا شروع کیے تو اس نتیجے میں عید کے چوتھے روز ایک سید زادے کی دُعاوں کے ساتھ ویڈیو کال پہ سلام کی حاضری پیش کرنے کا موقع میسر آ گیا۔ بڑی خوشی حاصل ہوئی کہ محبت خواجہؒ صاحب میں چاہت سلام کی خواہش پوری ہوئی۔ اور پھر رستے کھل گئے کئی سلام پہنچے اور کئی بار ویڈیو کال پہ حاضری اور کئی دوستوں کے سلام بھی پہنچائے مگر ساتھ ہی انڈیا میں راجہ پرتھوی راج چوہان کا تارہ گڑھ جو خواجہ صاحبؒ کا اجمیر بن گیا یہاں موجود معین الدین چشتیؒ درگاہ پہ جو عقیدت مندوں کی صورتحال دیکھی اُس سے میرا دل زخمی اور رُوح رنجیدہ ہو گئی کیونکہ خادمین و عقیدت مندوں کی طرف سے قبر انور خواجہ صاحبؒ پہ جو دعائیں مانگی جاتی ہیں وہ سب ایسے انداز و الفاظ پر مبنی ہوتی ہیں جیسے ہم خدا سے مانگتے ہیں۔ ہوسکتا ہے انڈیا میں بت پرستوں کے ساتھ رہنے والے مسلمان اس فرق سے بے خوف ہو گئے ہوں کہ وہ قبر پرستی میں خدا کے ولی کو خدا سمجھ رہے ہوں مگر میں گھبرا گیا کیونکہ میں شرک و بدعت کے فرق کو سمجھتا ہوں اس لیے خدا کو اس کے کسی پیدا کیے بندے کے مقام پر لا سکتا ہوں نہ کسی بندے کو خدا کے مقام پر لے جا سکتا ہوں چاہے وہ انبیاء اکرام ہی کیوں نہ ہوں۔ یہی فرق تو ختم کرنے خدا کے بندے آئے تاکہ تمام حاجتوں کے پورا کرنے والے واحد مشکل کشا اللہ کی پہچان ہو سکے۔ میرے لیے خدائی معیار کے الفاظ پر مبنی دُعا کی ویڈیو جب پہنچائی گئی تو میں نے خدا تعالیٰ اور خواجہ معین الدین چشتیؒ کی نورانی عدالتوں میں فوری اپنا موقف پیش کیا کہ اے خدا نہ میں آپ کو آپ کے معیار سے نیچے لا سکتا ہوں نہ خواجہ صاحبؒ کو ان کے مقام سے اوپر لے جا سکتا ہوں میری طرف سے دونوں ہستیاں اپنے اپنے مقام حقیقی کے حق میں پیش کی جانے والی یہ صفائی قبول فرمائیں۔ مجھے خدا پہلے چاہیے پھر اس کے چاہے ہوئے بندے بھی چاہیے۔ اگر آج کے دور میں خواجہ صاحبؒ خلاف شرک کام کرتے تو سب سے پہلے مسلمانوں میں اسلام کے نام پہ کیے جانے والے شرک کا خاتمہ فرماتے۔ کاش کہ ہم اولیاء اکرام کے مزارات پہ ہونے والی جہالت و گمراہی کے پیش نظر شرک و بدعت پر مبنی عقیدت کی وجہ سے تعلیمات اولیاء سے دُور نہ ہوتے تو آج ہندوستان میں سینکڑوں جھوٹے خداؤں کے بت پرستوں کو ڈیوٹی اولیاء میں خدائے حقیقی سے روشناس کروا کے حقیقی سجادہ، جانشین و خادمین اولیاء ہوتے جو اولیاء اکرام کی نورانی رُوحوں سے فیض پاتا ہے۔ ہر مزار پر جانے والا صاحب مزار سے ملاقات کر کے واپس نہیں لوٹتا کیونکہ نیک رُوحوں تک پہنچنے کے لیے سچے عاشقوں کی پابند شریعت رُوحانی پرواز شرط ہے۔ میرے جیسے زندہ گنہگار بندے کی زندگی قبرستان جیسی ویران ہے جہاں کوئی کوئی کبھی کبھی چاہت عزت و محبت سے ملنے آتا ہے مگر کوئی تو وجہ ہے ناں کہ اولیاء اکرام کے مزارات پر لاکھوں کی تعداد میں عزت و محبت ادب و عقیدت سے لبریز لوگ دیوانوں کی طرح آتے جاتے ہیں۔ مسلمان کی پہلی محبت و ادب کی مستحق ذات خداوندی ہے اس کے بعد سرکار دو عالم حضرت محمد ﷺ ہیں۔ محبت رسول اللہ ﷺ ایک دیوانگی پر مبنی کیفیت کا نام ہے۔ پہلے میں چاہتا تھا کہ دربار رسالت ﷺ پہ حاضری کے وقت عاشقوں کو ادب، محبت، عقیدت پر مبنی اظہاری عمل کرنے کی اجازت ہونی چاہیے مگر جب دنیا بھر میں مقدس مقامات پر لوگوں کی جاہلیوں گمراہیوں پر مبنی من چاہی شرک و بدعت میں لپٹی حرکتیں دیکھیں تو خدا سے معافی کے ساتھ اس بات کا شکر یہ ادا کیا کہ اے رب تو نے اپنے محبوب ﷺ کے لیے ایسے اقدامات پسند نہ فرماتے ہوئے درست حفاظتی انتظامات کروا رکھے ہیں۔